دی پنجاب سکول سسٹم

سرکلر نمبر:06   تاریخ:01 ستمبر 2026

محترم والدین!السلام علیکم!

آپ اس بات سے اتفاق کریں گے کہ ایک مستحکم اور مسلسل تعلیمی ماحول بچے کی ذہنی و تعلیمی نشوونما میں بنیادی اہمیت کا حامل ہے۔ کیمپس کی تبدیلی نہ صرف بچے کے تعلیمی تسلسل کو متاثر کرتی ہے بلکہ نئے ماحول میں اکثر بچے ذہنی تناؤ کا شکار بھی ہو جاتے ہیں۔ علاوہ ازیں تعلیمی سال کے دوران میں بار بار منتقلی انتظامیہ اور اساتذہ کے لیے بھی مسائل پیدا کرتی ہے۔

انتظامیہ کے مشاہدے میں یہ بات آئی ہے کہ نرسری کی سطح پر داخلے کے وقت بعض والدین اپنے بچے کو متعدد کیمپسز میں ٹیسٹ کے لیے بھیجتے ہیں اور کسی ایک کیمپس میں داخلہ ہو جانے کے بعد من پسند کیمپس میں منتقلی **(Inter-Campus Transfer)** پر اصرار کرتے ہیں۔ اس طرزِ عمل کے باعث داخلے اور مقررہ نشستوں سے متعلق سکول کے لائحہ عمل میں خلل واقع ہوتا ہے اور اس کے اثرات دیگر انتظامی امور پر بھی مرتب ہوتے ہیں۔

(Inter-Campus Transfer) کے سلسلے میں انتظامیہ نے ایک جامع پالیسی وضع کی ہے جس کے اہم نکات درج ذیل ہیں:

1. **قانونی حق نہیں، صرف سہولت :** دی پنجاب سکول سسٹم کے ایک کیمپس سے دوسرے کیمپس میں منتقلی (تبادلہ) محض ایک سہولت ہے، کوئی قانونی حق نہیں ہے۔ ایک کیمپس میں داخلہ، کسی دوسرے کیمپس میں تبادلے کا لازمی جواز فراہم نہیں کرتا۔
2. **دو تعلیمی سیشنز کی تکمیل:** منتقلی کی درخواست پر غور کے لیے طالب علم کا موجودہ کیمپس میں کم از کم دو تعلیمی سیشن مکمل کرنا لازمی ہے۔ دو سیشنز کی تکمیل کے بعد بھی منتقلی یقینی نہیں ہے بلکہ یہ مطلوبہ کیمپس میں نشست کی دستیابی، طالب علم کے بہترین نظم و ضبط، واجبات کی بروقت ادائیگی اور مقررہ اہلیت سے مشروط ہوگی۔
3. **خصوصی اور ناگزیر حالات میں قابلِ غور درخواستیں :** چند ناگزیر وجوہات مثلاً رہائش کی تبدیلی، بہن بھائیوں کا مختلف کیمپسز میں ہونا یا کسی ہنگامی خاندانی مجبوری کی صورت میں منتقلی پر غور کیا جا سکتا ہے تاہم اس سلسلے میں بھی حتمی فیصلہ فائنل ٹرم کے امتحانات کے بعد نشست کی دستیابی سے مشروط ہوگا۔

والدین سے گزارش ہے کہ دی پنجاب سکول میں بچے کے داخلے کے وقت کیمپس کا انتخاب طویل مدتی تعلیمی ضروریات اور سفری سہولیات کو مدِنظر رکھ کر کریں تاکہ بچے کا تعلیمی تسلسل برقرار رہے نیز منتقلی کی تمام درخواستوں کا فیصلہ صرف میرٹ اور پالیسی کے تحت ہوگا۔ کسی بھی قسم کا ذاتی اثر و رسوخ یا سفارش فیصلہ سازی پر اثر انداز نہیں ہوگی۔

آپ کے تعاون کی متمنی

دی پنجاب سکول انتظامیہ